PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پہلا ون ڈے: پاکستان شاہینز کو زمبابوے اے کے خلاف 24 رنز سے شکست، چتارا کی پانچ وکٹیں

ہرارے، 17 مئی 2023:

پاکستان شاہینز کو زمبابوے اے کے خلاف پہلے ون ڈے میں 24 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

یاد رہے کہ زمبابوے اے کی ٹیم میں شامل تمام کھلاڑی انٹرنیشنل کرکٹ کا تجربہ رکھتے ہیں اور یہ سیریز ان کے لیے ورلڈ کپ کوالیفائر کی تیاری کا حصہ ہے۔

ہرارے اسپورٹس کلب میں کھیلے گئے پہلے ون ڈے میں پاکستان شاہینز کے کپتان عمران بٹ نے ٹاس جیت کر زمبابوے اے کو پہلے بیٹنگ دی جو 45 اعشاریہ 3 اوورز میں 234 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

جواب میں پاکستان شاہینز 47 اوورز میں 210 رنز بنا سکی۔

زمبابوے اے کی اننگز کے پہلے ہی اوور میں میر حمزہ نے مارومانی کو آؤٹ کر دیا دوسری جانب سے شاہنواز دھانی نے اینوسینٹ کایا کی وکٹ حاصل کی تو زمبابوے کا اسکور 2 وکٹوں پر 17 رنز تھا۔

فاسٹ بولر عامر جمال نے فاسٹ بولنگ کا زبردست مظاہرہ کرتے ہوئے صرف 9 گیندوں پر تین وکٹیں حاصل کرڈالیں۔ انہوں نے پہلے کریگ اروِن کو 10 رنز پر بولڈ کیا۔ اگلے اوور میں انہوں نے ویزلے مدھیویئر کو 14 رنز پر ایل بی ڈبلیو کیا اور پھر اگلے ہی اوور میں شان ولیمز کو 20 رنز پر بولڈ کر دیا جنہوں نے شاہنواز دھانی کے ایک ہی اوور میں ایک چھکا اور تین چوکے لگا کر خطرے کا اشارہ دے دیا تھا۔

64 رنز پر پانچ وکٹیں گرنے کے بعد وکٹ کیپر کلائیو مداندے اور رائن برل نے چھٹی وکٹ کی شراکت میں 90 رنز کا اضافہ کیا۔ یہ شراکت مہران ممتاز نے مداندے کو 34 رنز پر آؤٹ کرکے ختم کی۔

رائن برل نے چھ چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 69 رنز اسکور کیے۔ کپتان ویلنگٹن مازاکادزا 25 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

پاکستان شاہینز کی طرف سے عامر جمال نے 35 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں جو ایک روزہ کرکٹ میں ان کی بہترین بولنگ ہے۔

میر حمزہ نے تین کھلاڑیوں کو 37 رنز دے کر آؤٹ کیا۔ شاہنواز دھانی کے حصے میں دو وکٹیں آئیں۔

پاکستان شاہینز کی اننگز کا آغاز مایوس کن رہا اور 29 رنز پر اس کی 3 وکٹیں گر گئی تھیں۔ کپتان عمران بٹ 6۔ صائم ایوب 8۔ اور محمد حریرہ 3 رنز بنا سکے۔ تینوں وکٹیں ٹینڈائی چتارا نے حاصل کیں۔
کامران غلام اور حسین طلعت کے درمیان چوتھی وکٹ کی شراکت میں 48 رنز بنے لیکن کامران غلام کے 42 اور حسین طلعت کے 29 رنز پر آؤٹ ہونے کے بعد میچ پر میزبان ٹیم کی گرفت مضبوط ہوچکی تھی اس موقع پر حسیب اللہ اور مبصر خان نے چھٹی وکٹ کی شراکت میں 60 رنز کا اضافہ کیا تاہم حسیب اللہ 45 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے جس کے بعد ایک امید مبصر خان سے بھی قائم ہوئی جنہوں نے پانچ چوکوں کی مدد سے 49 رنز اسکور کیے لیکن وہ جب آؤٹ ہوئے تو پاکستان شاہینز کو رنز جیت کے لیے 29 درکار تھے لیکن اس کی صرف دو وکٹیں باقی رہ گئی تھیں۔

میزبان ٹیم کی طرف سے ٹینڈائی چتارا سب سے کامیاب بولر رہے انہوں نے 37 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔ ویلنگٹن مازا کادزا نے 32 رنز دے کر تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

دونوں ٹیموں کے درمیان دوسرا اون ڈے جمعہ کے روز کھیلا جائے گا۔

مختصر اسکور۔

زمبابوے اے 234 رنز (45 اعشاریہ 3 اوورز) رائن برل 69۔ عامر جمال 35/4 وکٹ۔ میر حمزہ 37/3 وکٹ۔

پاکستان شاہینز 210 رنز۔ (47 اوورز) مبصر خان 49۔ حسیب اللہ خان 45۔ کامران غلام 42۔ چتارا 37/5 وکٹ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial